Visit of the Foreign Secretary to Russia (February 17-18, 2021)

February 18, 2021

بھارتی خارجہ سکریٹری کا روس کا دورہ (فروری 17-18، 2021)

18 فروری، 2021

1. خارجہ سکریٹری جناب ہرش وردھن شرنگلا ہندوستان- روس کے دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کے لئے 17-18 فروری 2021 تک کے لئے ماسکو کے سرکاری دورے پر ہیں۔

2. خارجہ سکریٹری نے گذشتہ روز روسی وزیر خارجہ عالی جناب سرگے لاوروف سے ملاقات کی۔ انہوں نے ہندوستان کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر کی طرف سے وزیر خارجہ لاوروف کے لئے ایک خط دیا جس میں انہوں نے روسی وزیر خارجہ کو باہمی سہولیت کے حساب سے مناسب تاریخ پر ہندوستان کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔ وزیر خارجہ لاوروف نے اس دعوت کو قبول کیا اور ایک جلد تاریخ میں ہندوستان آنے کی خواہش کا اظہار کیا۔

3. روسی نائب وزیر خارجہ عالی جناب ایگور مورگولوف سے کل مشاورت کے دوران، دونوں فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے اہم پہلوؤں کا جائزہ لیا اور علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقین نے اس سال اعلی سطح کے تبادلے کے ایک روڈ میپ پر اتفاق کیا، جس میں سالانہ دوطرفہ اجلاس بھی شامل ہے۔

4. خارجہ سکریٹری نے روسی نائب وزیر خارجہ عالی جناب سرگے ریابکوف سے آج کثیر الجہتی امور خصوصی طور پر تخفیف اسلحہ اور عدم پھیلاؤ کے معاملات پر بھی گہرائی سے تبادلہ خیال کیا۔

5. کل روسی ڈپلومیٹک اکیڈمی میں بات چیت کے دوران، خارجہ سکریٹری نے عالمی تناظر میں ہندوستان روس شراکت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ خارجہ سکریٹری نے آج روس کے ممتاز تھنک ٹینکوں کے ماہرین سے دوطرفہ اور اہم عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

6. خارجہ سیکرٹری کے اس دورے سے قبل ماسکو میں 15 فروری 2021 کو دونوں فریقین کے مابین ڈی جی سطح پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل (یو این ایس سی) کے امور اور پالیسی سازی سے متعلق دفتر خارجہ کے مابین مشاورت کا انعقاد کیا گیا اور ان امور پر تبادلہ خیال ہوا۔

7. اس دورے سے رواں سال دو طرفہ تعلقات کے لئے عملی اقدامات کے ایک گہرے منصوبے کی نشاندہی کرکے ہندوستان اور روس کے مابین قریبی، اسٹریٹجک، خصوصی اور مراعات یافتہ شراکت داری کو مزید تقویت دینے میں مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے اسٹریٹجک تعلقات کے نئے محرکات پر معاہدے، بشمول روس کی طرف سے 'آتم نربھر' پروگرام کے تحت ہندوستان میں سرمایہ کاری کرنے کی خواہش شامل ہے۔ مزید برآں یو این ایس سی اور برکس صدارت میں غیر مستقل ممبر کی حیثیت سے ہندوستان کے موجودہ دور اقتدار کے تناظر میں کثیر الجہتی محاذ پر قریبی رابطے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

ماسکو

18 فروری، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.